آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں ایم کیو ایم مظفرآباد زونل آفس سے ایک بڑی انتخابی ریلی نکالی گئی

ریلی کی سربراہی ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شاہد لطیف اور کنور نوید جمیل نے کی

ریلی مظفرآباد کے علاقوں جلال آباد، طارق آباد، اپر اڈہ، اپر پلیٹ، مظفرآباد فورٹ، سینٹرل پلیٹ، نیلم پل، بینک روڈ،

اولڈ سیکریٹریٹ، دربار سائیں سہلی سرکار سے ہوتی ہوئی گھڑی پن چوک پر اختتام پذیر ہوئی جہاں ریلی ایک جلسہ عام کی شکل اختیار کرگئی

مظفرآباد۔۔۔22 مئی 2011ء

متحدہ قومی موومنٹ مظفرآباد زون کے زیراہتمام آزاد کشمیر میں ہونے والے قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں ریاستی دارالحکومت مظفرآباد سے گزشتہ روز ایک بڑی الیکشن ریلی نکالی گئی جس کی سربراہی ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان شاہد لطیف اور کنور نوید جمیل نے کی۔ ریلی کے شرکاء سینکڑوں موٹر سائیکلوں اور درجنوں گاڑیوں پر سوار تھے اور انہوں نے اپنے ہاتھوں میں ایم کیو ایم کے پرچم اٹھا رکھے تھے اور وہ پرجوش انداز میں قائد تحریک جناب الطاف حسین اور ایم کیو ایم کے حق میں فلک شگاف نعرے لگا رہے تھے۔ ریلی مظفرآباد کے علاقوں جلال آباد، طارق آباد، اپر اڈہ، اپر پلیٹ، مظفرآباد فورٹ، سینٹرل پلیٹ، نیلم پل، بینک روڈ، اولڈ سیکریٹریٹ، دربار سائیں سہلی سرکار سے ہوتی ہوئی گھڑی پن چوک پر اختتام پذیر ہوئی جہاں ریلی ایک جلسہ عام کی شکل اختیار کرگئی۔ ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن شاہد لطیف نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر میں پرامن انقلابی تبدیلی لانا چاہتی ہے اور 60 سالہ استحصالی نظام کے خاتمے کیلئے آزاد کشمیر کی عوام کو بھی بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ قائد الطاف حسین کی قیادت میں ایم کیو ایم ملک بھر میں غریب و متوسط طبقے کی نمائندگی کا حق ادا کررہی ہے اور اب غریب و متوسط طبقے کے ووٹ کی طاقت سے انقلاب کو آنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ اس موقع پر صوبائی تنظیمی کمیٹی کے اراکین عابدی زیدی، ارشاد ظفیر، حسن عالم اور الیکشن سیل کے رکن فیروز خانزادہ ایم کیو ایم کے مقامی ذمہ داران اور کارکنان کی ایک بری تعداد موجود تھی۔

مہاجرین جموں وکشمیر کا آزاد کشمیر کے انتخابات میں کلیدی کردار ہے، طاہر کھوکھر

لاہور کے مختلف علاقوں کا دورہ کشمیری عوام سے ملاقاتیں

قائد تحریک الطاف حسین کا فکروفلسفہ ملک کو بحرانوں سے نکالنے کی آخری اُمید ہے،

مظفرآباد کی یونین کونسل ڈنہ میں عام انتخابات کے سلسلے میں متحدہ قومی موومنٹ کی کارنر میٹنگ کا انعقاد

لاہور۔۔۔۔22 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے پارلیمانی لیڈر وحق پرست وزیر سیاحت طاہر کھوکھر وسطی پنجاب کے دوروزہ دورے پر لاہور پہنچ گئے۔ دورہ لاہور کے دوران انہوں نے لاہور کے مختلف علاقوں، شاہدرہ، راوی روڈ، شیراکوٹ گلشن اقبال، اتحاد کالونی سمیت متعدد علاقوں میں مقیم کشمیریوں کے وفود سے ملاقاتیں کیں اور کارنر میٹنگز میں شرکت کی۔ اس موقع پر وزیر سیاحت طاہر کھوکھر نے کارنر میٹنگوں سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم نے آزاد کشمیر کے انتخابات کے لیے 28 نکاتی انقلابی منشور کا اعلان کردیا ہے جس میں ریاست بھر کے عوام کے بنیادی مسائل کا احاطہ کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے مختلف شہروں میں مقیم کشمیری آزاد کشمیر کے انتخابات میں کلیدی کردار ادا کرتے ہیں اس مرتبہ مہاجرین جموں وکشمیر اپنے لیے درست قیادت کے انتخاب کا فیصلہ کریں اور قائد تحریک الطاف حسین کے نامزد امیدوار کو ووٹ دیکر پرامن انقلاب کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں۔۔ دریں اثناء کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے انتخابات کے سلسلے میں مظفرآباد کی یونین کونسل ڈنہ میں کارنر میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ جسمیں ایم کیو ایم مظفرآباد کے ذمہ داران و کارکنان اور عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ کارنر میٹنگ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے ایم کیو ایم مظفرآباد زون کے ممبر ندیم کھوکھر نے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کا فکروفلسفہ ملک کو بحرانوں سے نکالنے کی آخری امید ہے آزاد کشمیر میں 63 سالوں سے اقتدار پر چند لوگوں کا قبضہ ہے جنہوں نے کبھی بھی غریب اور متوسط طبقے سے قیادت کو سامنے آنے نہیں دیا اور نہ کبھی ان کے مسائل کی طرف توجہ دی۔ انہوں نے کہا کہ پسماندہ دیہی علاقوں کے عوام اگر اپنے علاقوں کی تعمیروترقی چاہتے ہیں تو اقتدار پر قابض سرمایہ داروں اور جاگیرداروں سے نجات حاصل کرنا ہوگی اس مقصد کے لیے عوام آئندہ انتخابات کے دوران ایم کیو ایم کے حق پرست امیدواران کا ساتھ دیکر تبدیلی کے عمل میں اپنا کردار ادا کریں۔ اس موقع پر عوام نے اپنے بھرپور تعاون اور انتخابات میں حق پرست امیدوار کا ساتھ دینے کا عزم بھی کیا۔

☆☆☆☆☆